سلام

مقصدِ حسین کی روحِ رواں زینب

ہے مقصدِ حسین کی روحِ رواں زینب ۔۔۔ قربانیِ عظیم کی ہے ترجماں زینب

ہرگز نہ بھلائے گی کربل کی داستاں ۔۔۔ مظلومیت کے باب کی گویا زباں زینب

تھا شام کا دربار بلاغت علی کی تھی ۔۔۔ ہے یزیدیت کی موت کا ساماں زینب

بیٹی تھی لافتاح کی دشمن کیا ذلیل ۔۔۔ باوقار و سرخرو کنیزِ لامکاں زینب

باقی ہے دم سے اس کے کہانی حسین کی ۔۔۔ تھی پاسبانِ دین، میرِ کارواں زینب

زبان تھی تلوارِ حق بیٹی علی کی تھی ۔۔۔ سرقلم کیا طاغوت کا الاماں زینب

یادِ غمِ حسین کو دی شکلِ سرمدی ۔۔۔ بانیِ بھی ہے عزا کی، اور پاسباں زینب

تھا دبدبہ علی کا لہجہ بھی تھا علی کا ۔۔۔ فاتح ہیں گر حسین تو شہ کی زباں زینب

سابقؔ نہیں ثانی ہے اس کا زمانے میں ۔۔۔ فاتحِ شام و نینوا نجمِ ضوفشاں زینب